BYOD — اپنے آلات لے کر آئیں

والدین کیسے طلبا کی کامیابی میں شریک بن سکتے ہیں۔

21 ویں صدی میں سیکھنے اور پڑھانے(21st Century Teaching & Learning) کے رہنما

پیل ڈسٹرکٹ اسکول بورڈ (Peel District School Board) میں ہمارا عزم ہر طالب علم میں کامیابی، اعتماد اور اُمید کو اُجاگر کرنا ہے۔ ٹیکنالوجی کے استعمال میں قائدین کی حیثیت سے ہم تخلیقی اور جدید تعلیم کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔

آج کے طلباء پہلے سے ہی ٹیکنالوجی میں لیڈر ہیں وہ اپنی روز مرہ زندگیوں میں استعمال ہونے والی ٹیکنالوجی کو اپنانا چاہتے ہیں اورا پنے کلاس روم کے تجربات کا عام حصہّ بنانا چاہتے ہیں۔ ریسرچ سے پتہ چلتا ہے کہ اگر ہم اِسے اُن کے تعلیمی تجربات میں نمایاں کریں تو ہم اُن کےاُس تعلق کو بڑھائیں گے جو طالب علم کی کامیابی میں ترقی کیلئے رہنمائی کرتا ہے۔

اِسی لئے21 ویں صدی کے پڑھانے اور سیکھنے(21st Century Teaching & Learning) کیلئے ہمارے بورڈ کا تخیل اتنا پُرجوش ہے۔ ٹیکنالوجی میں ہمارے پیل(Peel) کے تمام طلباء کیلئے 7 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری اِس بات کو یقینی بنائے گی کہ ہمارے اسکول رابطے اور معلومہ امور میں بڑھ رہے ہیں۔

BYOD سے طلباء کو مدد ملتی ہے کامیابی کیلئے "توانائی"ہوتی ہے

BYOD کا مطلب یہ ہے کہ طلباء تعلیمی مقاصد کیلئے اپنے آلات خود اسکول میں لاتے ہیں۔ کلاس روم میں، طلباء آلات کو ذمہ داری سے استعمال کریں گے اور صرف اپنے ٹیچر اور عملہ کے دوسرے ممبران کی اجازت اور ہدایت کے مطابق کریں گے۔

اِس میں شک نہیں کہ صرف ٹیکنالوجی تعلیم میں ترقی پیدا نہیں کرے گی۔ لیکن حیرت انگیز چیزیں پیدا ہوسکتی ہیں اگر اِس کو پیشہ ور عملہ کی صحیح ہدایات کے مطابق شامل کیا جائے۔ پیل بورڈ(Peel board) کے کلاس روم میں ٹیکنالوجی کا روز افزوں استعمال طلباء کی کامیابی کو آج بھی اور مستقبل میں بھی" تقویت" دے گا۔

ذاتی ملکیت والے آلات کیوں بہتر کام کرتے ہیں۔ ذیل میں اُس کی کچھ وجوہات ہیں:

- طلباء عام طور پر اپنے آلات پر ماہر ہوتے ہیں اور اپنی تعلیمی ضروریات کیلئے اُنہیں ڈھال لیتے ہیں۔
- طلباء اِنہیں تعلیم کیلئے کسی بھی وقت اور کسی بھی جگہ استعمال کرسکتے ہیں۔
- طلباء اپنے ساتھیوں سے اپنے اسکول کے کام کے سلسلہ میں اسکول کے بعد بھی رابطہ کرسکتے ہیں۔
- طلباء کے اپنے آلات نمایاں طور پر اسکول کی طرف سے مہیا کردہ آلات کی نسبت زیادہ جدید ہوتے ہیں۔
- اسکول کی ملکیت والے آلات مہنگے ہوتے ہیں اور اُن کا بوجھ اُٹھانا مشکل ہوسکتا ہے۔

مساوی رسائی ایک بنیادی ترجیح ہے

ہم جانتے ہیں کہ تمام والدین اپنے تیرہ سے اُنیس سالہ بچے/یا چھوٹے بچے کو آلات کے ساتھ بھیج نہیں سکتے یا بھیجنا نہیں چاہتے۔ اِس لئے اساتذہ اپنے منصوبے سے یہ سوچتے ہوئے جاری رکھتے ہیں کہ ہر طالب علم اسکول میں اپنے ذاتی آلات نہیں لائے گا۔ ٹیکنالوجی ہر روز ہر سبق کے دوران استعمال نہیں ہوگی۔ صحیح وقت اور جگہ پر استعمال ہوگی۔

طلباء کیلئے اسکول میں استعمال کیلئِے آلات اور دوسری ٹیکنالوجی موجود ہے اور تمام طلباء کو اُن کے کلاس روم میں ٹیکنالوجی تک وسیع رسائی ہوگی۔ کلاس روم چار یا پانچ آلات بھی فرق پیدا کرسکتے ہیں۔ اجتماعی طور پر استعمال کرنے سے ٹیکنالوجی تعلیم میں تبدیلی پیدا کرسکتی ہے۔

مزید معلومات کیلئے یو ٹیوب پر جاکرhttp://bit.ly/why_byod ہماری ویڈیو *Why BYOD?* دیکھیں۔

کونسا آلہ انتخاب کریں

والدین ہم سے پوچھتے ہیں، مجھے اپنے تیرہ سے اُنیس سالہ بچے/یا چھوٹے بچے کیلئے " کون سا آلہ خریدنا چاہیئے؟" "سب کو ایک چیز ضروری" نہیں ہوتی ۔ قطعی طور پر آلہ کو خریدنے کے بارے میں فیصلہ (اگر آپ اپنے بچے کے آلہ کو اسکول بھیجنے کا **انتخاب** کریں) والدین کی حیثیت سے آپ ہی کا ہے۔

برائے مہربانی مندرجہ ذیل پر غور کریں:

- گریڈ اور/ یا مضمون کی وسعت
- کلاس روم میں ٹیکنالوجی کیسے استعمال کی جائے گی—ٹیچر کی سفارشات
- آپ کے تیرہ سے اُنیس سالہ بچے/یا چھوٹے بچوں کی تعلیمی ترجیحات
- آلہ کی وجہ سے سہولت
- قیمت

آپ کے فیصلے میں مدد کیلئے مندرجہ ذیل میں کچھ مشقیں ہیں جو طالب علم مختلف آلات کے بارے میں کرسکتا ہے:

Device آلہ	**Internet** انٹر نیٹ	**Looking at videos & photos** ویڈیو اور فوٹو کو دیکھ کر	ویڈیو کیمرہ / کیمرہ	**Video & photo Editing** ویڈیو اور فوٹو کو ٹھیک کرنا	**Web apps (e.g. wikis, blogs, Java, Flash)**	**Office tasks** دفتر کے کام **(e.g. word processing, spreadsheets)**
iPod Touch (Wi-Fi کی سہولت دستیاب ہونے پر)	✓	✓	✓	✓	Limited	Limited
Smartphone	✓	✓	✓	✓	Limited	Limited
Tablets	✓	✓	✓	✓	Limited	✓
Netbooks & laptops	✓	✓	Limited	✓	✓	✓

کھیلوں کے آلات کی سفارش نہیں کی جاتی
مختلف درجوں میں آلات کے عناصر مختلف ہوسکتے ہیں۔

آلات کو محفوظ رکھنے کا منصوبہ

والدین کی حیثیت سے آپ اپنے بچے کے آلہ کو محفوظ رکھنے کے بارے میں فکر مند ہوں گے۔ BYOD کے ماحول میں آلات آزادانہ باہر ہوتے ہیں۔ لہذا طلباء اِن آلات سے زیادہ واقف ہوتے ہیں۔ ہم کچھ آلات کی چوری اور گم ہوجانے کا رُجحان دیکھتے ہیں۔

اسکول میں طلباء کے آلات کو محفوظ رکھنے کا ایک منصوبہ ہوگا۔ اگرچہ، بنیادی طور پر طلباء اپنے ذاتی الیکٹرونک آلات کے گم ہونے، چوری ہونے اور/ یا خراب ہونے کے ذمہ دارہوتے ہیں۔ بالکل اُسی طرح جیسے وہ اسکول میں لائی ہوئ دوسری ذاتی چیزوں کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔

اگر آپ اپنے طالب علم کوآلہ کے ہمراہ اسکول بھیجنے کا ارادہ کریں تو برائے مہربانی کسی حفاظتی کیس خریدنے کے بارے میں غورکریں۔ اِس کے علاوہ کچھ آلات میں کھوج لگانے والے پُرزے نصب ہوتے ہیں جو آپ کو ڈھونڈنے کے قابل کرتے ہیں۔

آلات تعلیم میں مدد دیں گے

اب چونکہ ہم وائرلیس ٹیکنالوجی(Wi-Fi) لگواتے ہیں، اساتذہ اپنےسبق میں digital وسائل زیادہ شامل کرنا شروع کریں گے۔ اِن وسائل نے تعلیم حاصل کرنے کے میدان کو تبدیل کردیا ہے۔

آج، طلباء اور اساتذہ ویب کی ذریعے متن، وسائل، سکرپٹ، ریسرچ اور اشتراک کے آلات تک رسائی کرسکتے ہیں جو BYOD کے بغیر مشکل ہوگا۔

ذیل میں کچھ طریقے ہیں جو طلباء آلات کے استعمال میں اپنا سکتے ہیں۔

پرائمری کلاس روم (کنڈرگارٹن سے گریڈ3)

- الفاظ کے ذخیرہ میں ترقی
- ویب سائٹوں تک رسائی
- ریاضی کے خیالات میں مدد کیلئے آن لائن وژیول کا استعمال
- فوٹو گرافی اور ویڈیو کی تخلیق
- نصاب کی بنیاد پر کھیلیں/ استعمال

جونئیر کلاس روم (گریڈ4 سے5 تک)

- ویب سائٹوں تک رسائی/ ریسرچ
- فوٹوگرافی اور ویڈو کی تخلیق
- دستاویزات اور تقاریر کی تخلیق /ایڈیٹنگ
- نصاب کی بنیاد پر کھیلیں/apps
- wikis, blogs, podcasts
- نوٹس لینا
- ذخیرہ الفاظ میں ترقی
- حساب شمار/ گرافک کاروائی
- ریاضی کے خیالات میں مدد کیلئےآن لائن وژیول کا استعمال
- پراجیکٹ کی افزائش
- منصوبہ بندی /کیلنڈر
- نقشہ جات
- انتخابات
- ویڈیو کانفرنس

مڈل اسکول (گریڈ6 سے8 تک)

- ویب سائٹوں تک رسائی/ ریسرچ
- فوٹوگرافی اور ویڈو کی تخلیق
- دستاویزات اور تقاریر کی تخلیق /ایڈیٹنگ
- نصاب کی بنیاد پر کھیلیں/apps
- wikis, blogs, podcasts
- نوٹس لینا

- ذخیرہ الفاظ میں ترقی
- حساب شمار/ گرافک کاروائی
- ریاضی کے خیالات میں مدد کیلئے آن لائن وژیول کا استعمال
- پراجیکٹ کی افزائش
- منصوبہ بندی /کیلنڈر
- نقشہ جات
- انتخابات
- ویڈیو کانفرنس

ہائی اسکول (گریڈ 9سے12 تک)
- ویب سائٹوں تک رسائی/ ریسرچ
- فوٹوگرافی اور ویڈو کی تخلیق
- دستاویزات اور تقاریر کی تخلیق /ایڈیٹنگ
- نصاب کی بنیاد پر کھیلیں/apps
- wikis, blogs, podcasts
- نوٹس لینا
- ذخیرہ الفاظ میں ترقی
- حساب شمار/ گرافک کاروائی
- ریاضی کے خیالات میں مدد کیلئے آن لائن وژیول کا استعمال
- پراجیکٹ کی افزائش
- منصوبہ بندی /کیلنڈر
- نقشہ جات
- انتخابات
- ویڈیو کانفرنس

وائرلیس نیٹ ورک— مفت اور رسائی کے قابل

طلباء کو بورڈ کا وائرلیس نیٹ ورک استعمال کرنا ضروری ہے، اُن کیلئے یہ رسائی اسکول کے دوران مفت ہوگی۔ کلاس کے دوران اُنہیں اپنے پلان جن کی انہوں نے ادائیگی کی ہو استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ اِس نیٹ ورک کا فلٹر طلباء کو اسکول میں استعمال کے دوران غیر مناسب ویب معلومات سے روکنے میں بھی مدد کرے گا۔

ماہرین کے مشورے وائرلیس کی حفاظت میں مدد کو یقینی بناتے ہیں

پیل بورڈ (Peel board) کی سب سے بڑی ترجیح سیکھنے اور کام کی جگہ پر مناسب تحفظ مہیا کونا ہے۔ Wi-Fi کے استعمال میں بھی یہی حقیقت ہے۔

Wi-Fi کے بارے میں فیصلہ کرنے سے پہلے، بورڈ قابل اعتماد طبیّ ماہرین سے مشورہ کرتا ہے۔ پیل پبلک ہیلتھ (Peel Public Health)، پبلک ہیلتھ اورنٹاریو(Public Health Ontario)، ہیلتھ کینیڈا(Health Canada) اور ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن—(World Health Organization (WHO) کے شواہد بہت واضح ہیں۔
پبلک ہیلتھ اونٹاریو (Public Health Ontario) بتاتی ہے کہ ریڈیو فریکونسی کے اخراج سے انسانی صحت پر ہونے والے اثرات کی ریسرچ بتاتی ہے، کہ اِس سے صحت پر منفی اثرات کے کوئی شواہد نہیں ملتے۔ اِس کے استعمال پر پبلک کیلئے مخصوص حدود سب پر لاگو ہوتی ہیں اُس میں عمر رسیدہ افراد جن کو صحت کے مسائل ہوتے ہیں، بچے اور حاملہ خواتین شامل ہیں— اور مسلسل استعمال جو24 گھنٹے 7دِن جاری رہے کی اجازت ہے۔

اِس کے علاوہ ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن—(World Health Organization (WHO) ظاہر کرتی ہے کہ" بہت کم درجے کے استعمال پر غور کرتے ہوئے اور اب تک جمع کئے گئے ریسرچ کے نتائج بتاتے ہیں کہ اِس بات کے کوئی قابل قبول سائنسی شواہد موجود نہیں ہیں کہ مرکزی اسٹیشن اور وائرلیس نیٹ ورک سے بھیجے ہوئے کمزور ریڈو فریکونسی سگنل صحت پر منفی اثرات کی وجہ بنتے ہیں۔"

ہم اسکولوں میں ٹیکنالوجی کے استعمال پر رہنمائی کیلئے پبلک ہیلتھ ایجنسیوں کے معیار اور ماہرانہ مشوروں پر انحصار جاری رکھیں گے۔ ہم تمام لاگو قوانین کی تعمیل بھی کرتے رہیں گے اور ہم Wi-Fi کے مدارج کا بے ترتیب قسم کا نمائندہ ٹیسٹ کرتے رہیں گے۔ ہمیشہ کی طرح ہمارے فیصلے طلباء کی بہترین دلچسپیوں پر مبنی ہوں گے۔

کیا آپ جانتے ہیں۔ ۔ ۔ کہ رسائی کے پوائنٹ جو ہم اسکولوں میں نصب کرتے ہیں وہ گھروں میں استعمال ہونے والے راؤٹرز کی توانائی کا جزو قلیل ہوتے ہیں— وہ صنعتی توانائی میں شمار نہیں ہوتے۔ وائرلیس ٹیکنالوجی اور صحت کے بارے میں مزید جاننے کے لئے http://bit.ly/wifi_health پر جائیں۔

طلباء اچھی ڈیجیٹل سیٹیزن شپ کے بارے میں سیکھتے ہیں

طلباء ایک ایسی دُنیا میں رہتے اور کام کرتے ہیں جہاں لوگ ایسے آلات باقاعدگی سے استعمال کرتے ہیں۔ اُنہیں ٹیکنالوجی کو محفوظ، موثر، اخلاقی درستگی کے ساتھ اور باہم احترام کے ساتھ استعمال کے طریقے سیکھنے کی ضرورت ہے۔ طلباء تعلیم تک رسائی خواہ اسکول میں کررہے ہوں یا گھر پر اُن ٹیکنالوجی کے استعمال پر لاگو ضابطہ اخلاق اور تعلیمی ایمانداری کا اصول لاگو ہوگا۔

ہم آلات کے ذمہ داری سے استعمال کو خوش آمدید کہتے ہیں، ایسا استعمال جس میں اسکول کے ضابطہ اخلاق اور پیل بورڈ کی ڈیجیٹل سیٹیزن شپ پالیسی (Peel board’s Digital Citizenship Policy #78) کا احترام کیا جائے آپ کو یہ پالیسی http://bit.ly/policy78 پر مل سکتی ہے۔

مزید معلومات

مزید معلومات اور عربی، بنگالی، گجراتی، ہندی، پنجابی، سادہ چائنیز، ہسپانوی، تامل، ویت نامی اور اُردو (Arabic, Bengali, Gujarati, Hindi, Punjabi, Simplified Chinese, Spanish, Tamil, Vietnamese and Urdu) میں ترجمے **www.peelschools.org/byod** پر دستیاب ہیں۔

یہ معلومات پیرنٹ انوالومنٹ کمیٹی (Parent Involvement Committee (PIC کی شراکت سے تیار کی گئی ہیں۔ PIC اسکولوں میں اور سارے ڈسٹرکٹ کے طلباء کی کامیابیوں میں تعاون کیلئے والدین کی مدد، حوصلہ افزائی اور اُن کی بامقصد مداخلت کی افزائش کرتی ہے۔ PIC کے بارے میں مزید جاننے کیلئے **www.peelschools.org** پر “Parents - Get involved” کے حصہّ میں جائیں۔

Parent
Involvement
Committee